**07.10.2023**

**13.50 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ آسیہ میمونہ

**Music**

☆ ایشیائی کھیلوں میں، کبڈی میں جیت کے ساتھ بھارت کے تمغوں کی تعداد ایک سو تک پہنچ گئی ہے۔

☆ اس کامیابی پر وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت کے کھلاڑیوں کو مبارکباد دی ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ وہ منگل کو ان سے ملنے کے منتظر ہیں۔

☆ نئی دلی میں جی ایس ٹی کونسل کی 52 ویں میٹنگ جاری ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ اتراکھنڈ میں ٹہری ضلع میں وسطی علاقائی کونسل کی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

☆ ہماچل پردیش کے مقام دھرمشالہ میں ICC ایک روزہ عالمی کپ مقابلے میں افغانستان نے بنگلہ دیش کی جیت کے لئے 157 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

Asian Games

چین کے Hangzhou میں جاری ایشیائی کھیلوں کے اختتام سے ایک دن پہلے تک بھارت کے تمغوں کی مجموعی تعداد 100ہوگئی ہے، جس میں سونے کے 25، چاندی کے 35 اور کانسے کے 40 تمغے شامل ہیں۔ بھارت نے آج صبح سونے کے تین، چاندی کا ایک اور کانسے کا ایک تمغہ جیتا ہے۔

بھارت نے خواتین کبڈّی فائنل اور مردوں کے تیراندازی کمپاؤنڈ فائنل میں تازہ ترین تمغے جیتے ہیں۔ بھارت کی طرف سے سوواں تمغہ خواتین کی کبڈّی کی ٹیم نے جیتا۔ ایک زبردست میچ میں بھارت نے چینی Taipei کو 25 کے مقابلے 26 پوائنٹ سے شکست دی۔ کبڈّی میں مردوں کی ٹیم آج فائنل میں ایران کا سامنا کرے گی۔ بھارت تمغے جیتنے میں سرِدست چوتھے مقام پر ہے۔

اس دوران مردوں کے کرکٹ میں اس وقت بھارت کا مقابلہ افغانستان سے جاری ہے۔ بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ میچ سونے کے تمغے کے لیے کھیلا جا رہاہے جبکہ خواتین کی بھارتی کرکٹ ٹیم نے Hangzhou میں سونے کا تمغہ جیت لیا ہے۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ مردوں کی ٹیم بھی یہی نتیجہ لاتی ہے یا نہیں۔ بیڈمنٹن میں مردوں کے ڈبلز مقابلے میں سبھی کی نظریں چراغ شیٹی اور ستوِک سائراج رینکی ریڈی پر بھی ٹکی ہوئی ہیں۔ ان کا مقابلہ جنوبی کوریا کی Choi Solgyu اور Kim Won-ho کی جوڑی سے ہوگا۔

PM 100 Medals

وزیراعظم نریندرمودی نے ایشیائی کھیلوں میں سو تمغے جیتنے پر بھارتی دستے کو مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ ایشیائی کھیلوں میں بھارت کی یہ ایک نمایاں کامیابی ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت کے عوام اس کامیابی پر بے حد خوش ہیں کہ ہم نے سو تمغے جیت کر ایک اہم سنگ میل طے کیاہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ ہر حیرت انگیز کارکردگی تاریخ بن جاتی ہے اور ہمارے دلوں کو فخر سے بھر دیتی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ وہ منگل کو ایشیائی کھیلوں کے دستے سے ملاقات کریں گے اور کھلاڑیوں سے بات چیت کریں گے۔

مرکزی وزیر کرن ریجوجو نے کسی بین الاقوامی مقابلے میں تمغے جیتنے اور خصوصاً سو تمغے جیتنے پر کھلاڑیوں کی ستائش کی ہے۔

PM Swaminathan

وزیراعظم نریندر مودی نے آج زراعت کے معروف سائنس داں پروفیسر ایم ایس سوامی ناتھن کے گرانقدر تعاون کو یاد کیا اور کہا کہ زراعت کے شعبے میں ان کے شاندار کاموں نے بھارت خوراک کی کمی سے دوچار ملک سے ایک خودکفیل ملک میں بدل دیا ہے۔

نریندر مودی ڈاٹ اِن پر لکھے ان کے بلاگ میں، وزیراعظم نے کہا کہ ملک نے ایک ایسی دور اندیش شخصیت کو کھو دیا ہے جس کا تعاون ہمیشہ سنہرے الفاظ درج رہے گا۔ 1960 کے اوائل میں بھارت قحط کے مسائل سے نمٹ رہا تھا اور پھر سوامی ناتھن کے عزائم اور دور اندیشی نے خوشحالی زراعت کے ایک نئے دور کا آغاز کیا۔ انھوں نے کہا کہ اس شاندار کامیابی کو حاصل کرکے ہی پروفیسر سوامی ناتھن نے بھارت کی سبز انقلاب کے بانی ہونے کا باوقار خطاب پایا ہے۔

## GST Council Meeting

وزیرخزانہ نرملا سیتارمن کی صدارت میں GST کونسل کی 52 ویں میٹنگ نئ دلی میں جاری ہے۔ اس میٹنگ میں ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے وزرائے خزانہ نیز مرکز اور ریاستوں کے سینئر حکام شرکت کررہے ہیں۔ اس بات چیت میں مرکزی وزیرمملکت پنکج چودھری بھی حصہ لے رہے ہیں۔

## Uttarakhand Amitshah Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج اتراکھنڈ کا دورہ کریں گے۔ اپنے قیام کے دوران وہ ٹہری ضلع کے نریندرنگر میں مرکزی علاقائی کونسل کی 24ویں میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ میٹنگ میں اترپردیش، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور اتراکھنڈ کے وزرائے اعلیٰ کے شرکت کرنے کا بھی امکان ہے۔

اس کے بعد وزیر داخلہ دہرہ دون میں تحقیقی ادارے فوریسٹ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ میں منعقد کی جارہی 49 ویں آل انڈیا پولیس سائنس کانگرس میں بھی شرکت کریں گے۔ میٹنگ میں 5G کے دور میں پولیسنگ، منشیات، داخلی سیکورٹی، سوشل میڈیا چیلنجز اور سماجی پولیسنگ پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ یہ میٹنگ پولیس ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ بیورو کے زیراہتمام منعقد کی جارہی ہے۔x

## Amit Shah LWE Meeting

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہاہے کہ بائیں بازو کی انتہاپسندی LWE کا ملک سے، دو سال کے اندر اندر، پوری طرح خاتمہ کردیا جائے گا۔ انہوں نے کل نئ دلّی میں LWE سے متعلق ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ ہر طرح کی LWE کو جڑ سے ختم کردینے کا عزم کرنے پر زور دیتے ہوئے جناب شاہ نے کہاکہ Naxalism، انسانیت کیلئے ایک لعنت ہے۔ انہوں نے کہاکہ سال 2022 میں، پچھلی چار دہائیوں کی مدت کے دوران نکسل متاثرہ علاقوں میں تشدد کے واقعات اور اموات کی سب سے کم تعداد رہی۔ انہوں نے یہ بھی کہاکہ پچھلے کچھ برسوں میں بائیں بازو کی انتہاپسندی پر قابو پانے میں جو کامیابی حاصل کی گئ ہے، وہ اب فیصلے کن مرحلے میں داخل ہوگئی ہے۔

بائیں بازو کی انتہاپسندی سے متاثرہ ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ، نائب وزرائے اعلیٰ اور دیگر متعلقہ افسران نے بھی اِس میٹنگ میں شرکت کی۔

جناب شاہ نے کہاکہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں، نیز بائیں بازو کی انتہاپسندی سے متاثرہ سبھی ریاستوں کے تعاون سے، 2022 اور 2023 میں اِس کی روک تھام میں بڑی کامیابی حاصل کی گئ ہے۔

وزیرداخلہ نے کہاکہ اِس طرح کی انتہاپسندی کو ہرگز برداشت نہ کرنے کی سرکار کی پالیسی کے نتیجے میں ہی سال 2022 میں، پچھلی چاردہائیوں کے دوران، تشدد اور اموات کی سب سے کم سطح درج کی گئی ہے۔x

## Sikkim Flood

قدرتی آفات سے نمٹنے والی ریاستی سکّم اتھارٹی نے، ریاست میں اچانک سیلاب میں مرنے والوں کی تعداد کی تصدیق کی ہے۔ اتھارٹی نے مرنے والوں کی تعداد 27 بتائی ہے، بھارتی فوج کے اہلکاروں سمیت اور141 افراد لاپتہ ہیں۔ اِس قدرتی آفت میں ایک ہزار 173 مکانات کو شدید نقصان پہنچا ہے۔

2 ہزار 413 افراد کو بچایا جاچکا ہے اور 26 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ تقریباً چھ ہزار 875 افراد 22 راحت کیمپوں میں پناہ لی ہوئی ہے۔ تیستا ندی کے نچلے علاقے میں تازہ سیلاب کی وجہ سے 13 پُل بہہ گئے۔

وزیراعلیٰ پریم سنگھ تمنگ نے کل Mintokgang میں اپنی سرکاری رہائش گاہ پر اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں سینئر افسران اور سرحدی سڑکوں کی تنظیم کے ڈائریکٹر جنرل، لیفٹیننٹ جنرل رگھو سری نواسن اور دیگر نے شرکت کی۔

وزیراعلیٰ نے اعلان کیا کہ ریاستی سرکار نے، سکّم اُورجا لمٹیڈ کے ساتھ مل کر، قدرتی آفات سے متاثرہ علاقوں میں ایک خصوصی مالی راحت پیکیج تشکیل دیا ہے۔ انہوں نے کہاکہ ریاستی سرکار نے منگن ضلع کیلئے 25 کروڑ روپے اور گینگٹاک، پاکیانگ اور نامچی ضلعوں کیلئے پندرہ پندرہ کروڑ روپے کا راحت پیکیج مختص کیا ہے۔ یہ امداد ریاستی اور مرکزی حکومت دونوں کی طرف سے فراہم کی گئی راحت کے علاوہ ہے۔

جناب تمنگ نے کہاکہ ریاستی سرکار نے منگن ضلعے کے سبھی شدید طور پر متاثرہ علاقوں میں سڑک اور نیٹ ورک کنکٹی ویٹی بحال کرنے کی ہرممکن کوشش کا عزم کیے ہوا ہے، جو ریاست کے بقیہ علاقوں سے مکمل طور پر الگ تھلگ پڑ گئے ہیں۔x

## Sagar Parikarma Union Ministers

ماہی گیری، مویشی پروری اور ڈیری کے مرکزی وزیر پروشوتم روپالا اور مرکزی وزیرمملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے راما ناتھا پورم ضلع میں Thondi Fishing Harbour میں آج صبح ساگر پَری کرما کے نویں مرحلے کا آغاز کیا۔

اس موقع پر بات کرتے ہوئے جناب روپالا نے کہا کہ مویشی پروری کی صنعت میں تمل ناڈو سرِفہرست ریاستوں میں سے ایک ہے۔ انھوں نے کہا کہ ریاست کا مویشی پروری کا شعبہ ملک کی معاشی ترقی میں ایک اہم شراکت دار ہے۔

وزراء نے علاقائی ماہی گیروں سے بات کی اور علاقے میں جاری پروجیکٹوں کا جائزہ لیا۔ ساگر پری کرما اس ماہ کی 9 تاریخ تک جاری رہے گا اور آئندہ پیر چینئی میں اختتام پذیر ہوگا۔

Shinde Goergaon Fire

مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ ایکنات شندے نے کل ممبئی کے گورے گاؤں میں ایک رہائشی عمارت میں آگ لگنے کے واقعے میں مرنے والوں کے لواحقین کو پانچ۔پانچ لاکھ روپئے مالی اعانت کے طور پر دینے کا اعلان کیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ سرکار زخمیوں کے علاج کا بھی پورا خرچ اٹھائے گی۔

مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے Thackerey Hindu Hruday Samrat Balasaheb Trauma Care Centre کا بھی دورہ کیا اور گورے گاؤں، اننت نگر میں جے بھوانی SRA عمارت میں لگی آگ میں زخمی ہوئے لوگوں کے بارے میں معلومات لی۔

وزیراعلیٰ نے میڈیا کو بتایا کہ اس واقعے کی جلد ہی تحقیقات کرائی جائے گی اور ایک بار اس سلسلے میں رپورٹ ملتے ہی مزید کارروائی کی جائے گی۔ انھوں نے SRA جیسی عمارتوں کے Fire Audit کو بھی تیز کرنے کی ہدایت دی تاکہ مستقبل میں اس قسم کے حادثوں سے بچا جا سکے۔ برہن ممبئی میونسپل کارپوریشن کے مطابق گورے گاؤں میں لگی شدید آگ کے حادثے میں سات افراد کی موت ہوگئی اور 40 سے زیادہ زخمی ہوگئے۔

Telangana School Breakfast

تلنگانہ سرکار نے کل سرکاری اسکولوں میں پڑھنے والے سبھی طلبہ کیلئے وزیراعلیٰ کی ناشتہ اسکیم کا آغاز کیا۔ اس میں پنچایتی راج اداروں کے تحت چلائے جارہے اسکول بھی شامل ہیں۔ اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے ریاستی وزیر کے-تاراکرماراؤ نے حیدرآباد میں گورنمٹ ہائی اسکول میں اسکیم کے آغاز کے موقع پر بچوں کے ساتھ ناشتہ کیا۔ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب راؤ نے کہا کہ اس اسکیم سے ریاست کے 27 ہزار سرکاری اور پنچایتی راج اسکولوں میں پڑھنے والے 23 لاکھ سے زیادہ طلبہ فیض یاب ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس اسکیم کے نفاذ پر سالانہ تقریباً400 کروڑ روپے خرچ آئے گا۔×

Cricket W2

ICC ایک روزہ عالمی کپ مقابلے میں ہماچل پردیش کے مقام دھرمشالہ میں افغانستان نے بنگلہ دیش کی جیت کے لئے 157 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ اس سے پہلے افغانستان کی ٹیم نے37 اوورز اور دو گیندوں میں 156 رن

بنائے تھے۔ بنگلہ دیش نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

دوسرا میچ آج نئی دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ اور سری لنکا کے درمیان کھیلا جارہا ہے۔ سری لنکا نے ٹاس جیتا اور گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

کل رات پاکستان نے حیدرآباد میں اپنے افتتاحیہ میچ میں نیدر لینڈ کو 81 رن سے ہرایا۔ نیدرلینڈ کی پوری ٹیم 41 اوورز میں 205 رن بناکر آؤٹ ہوگئی جبکہ اُسے جیت کے لئے 287 رن بنانے تھے۔x